مودودی صاحب
اور
تخریب اسلام
فقیہ العصر حضرت علامہ مفتی رشید احمد صاحب مد ظلہ العالی
دار الافتاء والارشاد
ناظم آباد، کراچی

کتبہ فاروق

کو عیسائی بنا رہی ہیں اسی لئے اچھوت قومیں عیسائی مذہب اختیار کرچکی ہیں، یہی طریقہ عیسائیوں سے قادیانیوں نے سیکھا، بہت سے قادیانی ڈاکٹروں نے اپنی خدمات وقف کر رکھی ہیں۔ دوکانوں پر بورڈ لگے ہوئے ہیں کہ مریض کے گھر پر جاکر بلا فیس معائنہ کیا جاتا ہے۔ تقسیم کے ایام میں بعض قادیانیوں کو دیکھا کہ منوں کی مقدار میں روزانہ مہاجرین میں تازہ دودھ تقسیم کرتے تھے۔ یہ ایک دو دن کا واقعہ نہیں بلکہ کئی مہینوں تک ان کا یہ معمول دیکھا گیا۔ عیسائی مشنریاں ڈبے کا دودھ تقسیم کرتی ہیں مگر قادیانی اس سے بھی بڑھ کر تازہ دودھ تقسیم کرتے رہے، تو کیا یہ عیسائی اور قادیانی اہل حق ہو سکتے ہیں؟ انہی عیسائی مشنریوں اور قادیانیوں کے طریقۂ تبلیغ کی تقلید بعض مسلم جماعتیں بھی کرنے لگیں یہ لوگ شفاخانوں اور مختلف مواقع پر امدادی فنڈوں اور تعاون کے ذریعہ لوگوں کو متاثر کرنے کی سعی کرتے ہیں۔ شرعی نظر سے نہ صرف یہ کہ یہ چیز معیارِ حق نہیں بلکہ سرے سے یہ طریقۂ تبلیغ غلط ہے۔ آپ نے کوئی احسان یا طمع دلاکر کسی کو اپنی طرف مائل کرلیا تو ایسے شخص کا کیا اعتبار؟ کل کوئی دوسری جماعت اسے کوئی بڑی طمع دیکر اپنی طرف کھینچ سکتی ہے۔ ایسے ہی اہتمامِ اعمال بھی معیارِ حق نہیں۔ خوارج کے بارے میں حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پیشگوئی فرمائی جس کی صداقت کو دُنیا نے دیکھا فرمایا کہ یہ لوگ ایسے عابد وزاہد ہونگے کہ تم انکی عبادت کے سامنے اپنی عبادت کو حقیر سمجھنے لگوگے۔ اور فرمایا کہ یہ لوگ ہر وقت تلاوتِ قرآن سے رطب اللسان رہیں گے مگر لَا یُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ، یعنی قرآن کا اثر اُن کے قلوب کی طرف تجاوز نہ کریگا۔ یا یہ کہ ان کی تلاوت سمار قبول کی طرف بلند نہ ہوگی، انکے منہ ہی میں رہے گی۔

جار اللہ زمخشری کو جار اللہ اسی لئے کہا جاتا ہے کہ یہ ہمیشہ کے لئے دُنیا و مافیہا سے الگ ہوکر بیت اللہ میں معتکف ہو گئے تھے تو کیا معتزلہ وخوارج کے اہتمامِ اعمال کی وجہ سے انکو کوئی اہلِ حق کہہ سکتا ہے؟ یونہی جرأت وہمت سے متعلق غور فرمایئے کہ کفار ہمیشہ کس جرأت و ہمت کا مظاہرہ کرتے رہے ہیں اور کر رہے ہیں۔ بیویوں، بہنوں اور بیٹیوں کا لونڈیاں بننا گوارا کیا، بچوں کو غلام بنایا اور خود غلامی کا طوق پہنا۔ سلطنتیں قربان کیں۔ املاک چھوڑیں اور اپنی جانیں دیں کوئی بڑی سے بڑی آفت ان کو ان کے نظریئے سے نہ ہٹا سکی، ابوطالب کی جرأت دیکھئے مرتے وقت بھی یوں کہتے ہیں کہ "اخترت النار علی العار" میں آبائی دین چھوڑنے کی عار پر نارِ جہنم کو ترجیح دیتا ہوں۔" غور کیجئے کہ کتنی بڑی جرأت ہے۔ معلوم ہوا کہ جرأت وہمت اور استقلال کو معیارِ حق قرار دینا غلط ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ایثار و ہمدردی، خدمتِ خلق، حُسن